سوال

(547)حکومت کی چوری کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

موجودہ ہماری حکومت کی چوری جو کہ اسلامی نہیں ہے بندہ کر سکتا ہے کہ نہیں جبکہ سرکار اس سے طرح طرح کے سر چارج وصول کرتی ہے اور اتنے ٹیکس لگاتی ہے جو انسان برداشت نہیں کر سکتا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں کر سکتا کیونکہ چوری آخر چوری ہے ہاں مسلمان قیدیوں کو جو جہاد کرتے کفار نے گرفتار کرلیے ہوں۔ ان کی قید سے خفیہ بھی نکالا جا سکتا ہے۔

''ایک صحابی رضی اللہ عنہ جن کا نام مرثد بن ابو مرثد تھا یہ مکہ سے مسلمان قیدیوں کو اٹھا لایا کرتے اور مدینے پہنچا دیا کرتے تھے (سنن ابی داود۔ کتاب النکاح۔ باب فی قولہ الزانی لا ینکح الا زانیة۔ جامع ترمذی۔ ابواب التفسیر من سورة النور تفسیر ابن کثیر۔ ج۳ص۵۱۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

خرید و فروخت کے مسائل ج1ص384